احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

بدھ 3 ستمبر 2003ء

روزنامہ ٹیلیفون نمبر 213029 C.P.L 29

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 3 ستمبر 2003ء، 5 رجب 1424 ہجری-3 تبوک 1382ہش جلد53-88 نمبر199

## بدعات کا انجام

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

سب سے سچی بات کتاب اللہ ہے اور بہترین ہدایت محمد کی طرف سے دی جانے والی ہدایت ہے-اور بدترین فعل دین میں نئی نئی بدعات پیدا کرنا ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر ضلالت کا انجام آگ ہے-

(سنن نسائی کتاب العیدین باب کیف الخطبة حدیث نمبر 1560)

جلسہ سالانہ جرمنی 2003ء [illegible] حضرت خلیفۃ [illegible] کا اختتامی خطاب 24 جولائی 2003ء

اتباعِ رسم سے باز رہنے اور قال اللہ و قال الرسول کو دستور العمل قرار دینے کی شرط بیعت

# جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے

جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر خدا کے فضل سے اکتیس ہزار ایک سو تریسٹھ حاضری رہی

قسط دوم آخر

حضور انور کے خطاب کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

## چھٹی شرط بیعت

بیعت کے لئے شرط ششم بیان کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:"یہ کہ اتباع رسم اور متابعت ہوا و ہوس سے باز آ جائے گا اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلی اپنے سر پر قبول کرے گا اور قال اللہ و قال الرسول کو اپنی ہر یک راہ میں دستور العمل قرار دے گا۔"

## رسم و رواج سے اجتناب کریں

حضور انور نے فرمایا کئی فضول رسمیں ہیں جن کے نقصانات ہوتے ہیں مثلاً شادی بیاہ کے موقعہ پر بَری دکھانا اور جہیز کی نمائش کرنا یہ صرف بڑائی کے اظہار کے لئے کیا جاتا ہے۔ دین میں تو صرف حق مہر کے اظہار کا کہا گیا ہے۔مقابلہ اور نمود و نمائش کی خاطر ایسی رسموں سے اجتناب کریں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو کشائش عطا کی ہے وہ آپ کے بزرگوں کی قربانیوں کا ثمر ہے۔اس کے شکر کے لئے اللہ کے حضور جھکیں نہ کہ دوسرے لوگوں کی طرح رسم و رواج کا اظہار کریں۔ ولیموں کے موقعہ پر کھانے کا ضیاع کیا جاتا ہے۔جہیز کے مطالبے ہوتے ہیں تو غریب مقروض ہو جاتے ہیں اور یہ مطالبہ صرف ناک اونچا کرنے کے لئے کیا جاتا ہے لیکن غریب پر ظلم ہوتا ہے۔ جب رسمیں بڑھتی ہیں تو انسان اندھا ہو کر ہوائے نفس کا غلام بن جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہو گا جو اللہ کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہش کی پیروی کرے۔اس آیت نے یہ فیصلہ صادر کر دیا کہ جو صرف اپنی خواہشات کی پیروی کرتا ہے وہ کبھی ہدایت نہیں پاتا۔ ہر شخص کو اپنا جائزہ لینا چاہئے کہ کیا امام الزمان کو ماننے کے بعد کہیں معاشرتی برائیوں کی پیروی تو نہیں ہو رہی۔

## غیر مقبول ردشدہ رسمیں

آنحضرتؐ نے فرمایا ہے کہ جو شخص دین میں ایسی رسم پیدا کرتا ہے جس کا دین سے کوئی تعلق نہیں وہ رسم مردود اور غیر مقبول ہے۔ایک دفعہ آپؐ نے جلالی انداز میں فرمایا کہ بہترین کتاب قرآن ہے اور بہترین اسوہ میرا عمل ہے اور ہر بدعت گمراہی کی طرف لے جاتی ہے۔ جو شخص میری سنت کو زندہ کرے گا تو اس پر عمل کرنے والوں کا اجر بھی اسے ملے گا اور جو بدعت پیدا کرے گا تو بدعت پر عمل کرنے والوں کی سزا بھی اسے ملے گی۔میں تم میں بدعتوں کے پیدا ہونے کی وجہ سے بہت خوفزدہ ہوں کہ کہیں اس سے دین میں بگاڑ نہ آ جائے اور تم گمراہ نہ ہو جاؤ۔

## احمدی کا مضبوط کردار

حضور انور نے فرمایا کہ ہر احمدی کا مضبوط کردار ہونا چاہئے عورتوں کو پردہ کا حکم ہے اور عورت کی عزت اسی میں ہے کہ وہ پردہ میں رہے۔مغربی معاشرے میں اگر احمدی عورت پردے کی خوبیاں بیان کرے تو یہ زیادہ مؤثر ہو گا اس انفرادیت کی وجہ سے دعوت الی اللہ کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔

احمدیوں کو کسی غلط کردار والے سے دوستی نہیں لگانی چاہئے۔مثلاً یہ کہ کسی شرابی کے ساتھ دوستی ہے تو اس کے ساتھ بار میں چلے جانا یہ غلط ہے اس میں احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ اس کے اثرات کا اندیشہ ہے۔

## قرآن کریم تمام بھلائیوں کا سرچشمہ

رسم و رواج سے بچنے اور دینی تعلیم پر عمل پیرا ہونے کے لئے ہمارا راہنما قرآن کریم ہے۔ اس کو دستور العمل جاننے سے تمام برائیاں خود بخود ختم ہو جائیں گی۔ یہ زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ عظیم کتاب آنحضرتؐ کے پاک دل پر نازل ہوئی اور آپؐ نے اپنے عمل سے اس کی وضاحت فرمائی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے قرآن کو نصیحت کی خاطر آسان بنا دیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔

## خدا کو دیکھنے کا چراغ

حضرت مسیح موعود محاسن قرآن بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ قرآن عمیق حکمتوں سے پُر ہے یہ خدا کو دیکھنے کا چراغ ہے۔ پس تم قرآن کو مہجور کی طرح مت چھوڑو۔ جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان

باقی صفحہ 2 پر

## عطیات برائے امداد طلباء

جماعت احمدیہ کو خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ اعزاز حاصل ہے کہ زندگی کے ہر شعبہ میں دین حق کے صحیح راستوں پر گامزن رہ کر خدا تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کو حاصل کرتی رہتی ہے۔ اور یہ دولت اور نعمت خدا تعالیٰ نے اس جماعت میں نظام خلافت کو جاری فرما کر ہمیں عطا فرمائی ہے۔ قرآن کریم اور آنحضرت کا فرمان ہے ہر مرد و عورت کیلئے علم کا حصول لازمی ہے۔

جماعت احمدیہ کو خدا تعالیٰ نے یہ توفیق عطا کر رکھی ہے کہ وہ پڑھے لکھے افراد کی جماعت شمار ہوتی ہے۔ ہماری جماعت میں کم ہی کوئی ایسا شخص ملتا ہے جو زیور تعلیم سے آراستہ نہ ہو اس میں جہاں جماعت احمدیہ کے افراد کی ذاتی کوشش اور مذکورہ بالا فرمان پر عمل پیرا ہونا ہے۔ وہاں جماعت کی انتظامیہ کو بھی خدا تعالیٰ نے یہ توفیق عطا کر رکھی ہے کہ وہ اس مبارک فرمان کیلئے ہر دور میں کوشاں رہتی ہے۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اپنے عہد خلافت میں امداد طلباء کی تحریک فرمائی اور اس کے لئے ایک شعبہ مقرر فرمایا جو آجکل صدر انجمن احمدیہ کے تحت طلباء کی اعانت کی توفیق پا رہا ہے۔ اس شعبہ کی طرف سے ہر سال سینکڑوں احمدی طلباء کو وظائف دے کر ان کی تعلیم حاصل کرنے کی لگن میں ان کی مدد کی جاتی ہے۔

یہ شعبہ خالصۃً افراد جماعت کی طرف سے عطیات کے ذریعہ کام کرتا ہے۔ اس لئے جماعت کے مخیر احباب کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اس کار خیر میں حصہ لیں تا کہ اس اعانت کے ذریعہ سے زیادہ سے زیادہ طلباء کی علمی پیاس بجھانے کے سامان کئے جا سکیں۔

اس کار خیر میں حصہ لینے والے احباب جہاں جماعت کے علمی معیار اور صاحب علم جماعت ہونے کے تشخص کو بحال کرنے والے ہونگے وہاں اس کے ذریعہ سے ایک قومی خدمت میں بھی حصہ لے رہے ہونگے۔

براہ کرم اس قومی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور زیادہ سے زیادہ عطیات اس فنڈ کیلئے بھجوائیں۔ یہ عطیات براہ راست نگران امداد طلباء یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں بمد امداد طلباء بھجوا سکتے ہیں۔

(نظارت تعلیم ربوہ)

# تاریخ احمدیت منزل بہ منزل

مرتبہ ابن رشید

## دین اور انسانیت کی خدمت کا سفر

## 2001ء

①

حضور نے تحریک فرمائی تھی کہ 21ویں صدی عیسوی کا استقبال اس طرح کریں کہ دنیا کی 1/10 آبادی تک احمدیت کا پیغام پہنچادیں۔ چنانچہ دنیا بھر میں اس کی روشنی میں پروگرام مرتب کئے گئے۔

7 جنوری چار براعظموں میں دعوت الی اللہ کی خدمت سرانجام دینے والے مربی سلسلہ مولانا عطاء اللہ کلیم صاحب کی لاہور میں وفات بعمر 79 سال۔

14,13 جنوری جماعت فجی کا 31واں جلسہ سالانہ۔

14,13 جنوری برازیل کا 8واں جلسہ سالانہ۔

20 جنوری آسٹریلیا میں بین المذاہب نمائش میں جماعت کا سٹال۔

26 جنوری گجرات بھارت میں زلزلہ۔ جماعت کی طرف سے 35 لاکھ روپے کی امداد اور طبی وفد کی روانگی۔ 14 ہزار افراد کو کھانا فراہم کیا گیا۔

26 جنوری بیت الذکر ساغبتیگا بورکینا فاسو کا افتتاح۔

26 جنوری جماعت لائبیریا کا 11 سال کے بعد چوتھا جلسہ سالانہ۔

26 تا 28 جنوری گنی بساؤ کا تیسرا جلسہ سالانہ۔

جنوری جماعت احمدیہ کی آفیشل ویب سائٹ انٹرنیٹ پر قائم ہوئی جس کی ذمہ داری امریکہ کے سپرد ہے۔

2 تا 4 فروری خدام الاحمدیہ بیلجیئم کی تربیتی کلاس۔

6 فروری دیرینہ خادم سلسلہ اور استاذ الجامعہ مکرم قریشی نورالحق صاحب تنویر کی وفات۔

6 تا 9 فروری انصاراللہ مقامی کے تحت پہلا بیڈمنٹن وٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ۔

9 فروری سو بیوت الذکر سکیم کے تحت گنی بساؤ میں پہلی بیت الذکر سنجال کا افتتاح ہوا۔ اس کا سنگ بنیاد مئی 2000ء میں رکھا گیا تھا۔

9 تا 11 فروری بنگلہ دیش کا 77واں جلسہ سالانہ۔ 4 ہزار افراد کی شرکت۔

10 فروری لجنہ اماء اللہ فرانس کے زیر اہتمام تیسری دعوت الی اللہ کانفرنس برائے فرانکوفون کا انعقاد۔

11 فروری ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز کا 5واں سالانہ کنونشن حضور نے پیغام میں فرمایا کہ آئندہ دنیا کا علمی مستقبل کمپیوٹر سے وابستہ ہے۔

16 فروری خدام الاحمدیہ پاکستان کے تحت پہلا فٹ بال ٹورنامنٹ۔

16 تا 18 فروری بورکینا فاسو کا 12واں جلسہ سالانہ۔ 147 جماعتوں کے 2040 افراد کی شرکت۔

18,17 فروری خدام الاحمدیہ پاکستان کے تحت فٹ بال ٹورنامنٹ ہوا۔ 9 علاقوں کے 20 اضلاع سے 131 کھلاڑی شریک ہوئے۔

18 فروری بورکینا فاسو میں جماعت کی طرف سے تعمیر ہونے والے پہلے ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔

19 تا 28 فروری کمبوڈیا میں جماعت کی تربیتی کلاس برائے نومبائعین۔

20 فروری بورکینا فاسو میں کاری کے مقام پر بیت الذکر کا سنگ بنیاد۔

21 تا 27 فروری گنی بساؤ میں تربیتی سیمینار۔ 67 مقامات سے 450 افراد کی شرکت۔

23 تا 25 فروری انصاراللہ پاکستان کے تحت بیڈمنٹن وٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ۔

11 مارچ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز کا سالانہ کنونشن ایوان محمود میں ہوا۔

12,11 مارچ معلمین کلاس وقف جدید کی پہلی سالانہ کھیلیں منعقد ہوئیں۔

بقیہ صفحہ 1

پر عزت پائیں گے۔ اب روئے زمین پر بنی نوع کے لئے کوئی کتاب نہیں مگر قرآن۔ قرآن روحانی خاصیت سے اپنے سچے پیرو کو کھینچتا ہے۔ یہ دل کی آنکھ کو کھولتا اور مکالمہ مخاطبہ سے شرف بخشتا ہے۔ حقیقی اور کامل نجات کی راہیں قرآن نے کھولی ہیں۔ سو تم اسے تدبر سے پڑھو اور اس سے ایسا پیار کرو جو تم نے کسی سے نہ کیا ہو۔ تمام بھلائیاں قرآن میں ہیں۔ انسان کی فلاح اور نجات کا سرچشمہ قرآن ہے۔ انسان کے ایمان کا مصدق یا مکذب قرآن ہوگا۔ اس نعمت کی قدر کرو یہ بڑی دولت ہے اور قرآن کے مقابل پر تمام ہدایتیں ہیچ ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہر احمدی کو جائزہ لینا چاہئے کہ وہ قرآن کریم سے کس قدر محبت کرتا ہے۔ بلاناغہ دو تین رکوع کی تلاوت کرنی چاہئے۔ اور پھر ترجمہ پڑھے۔ اس طرح یہ حسین تعلیم دماغ میں بیٹھنی شروع ہو جائے گی۔

## کامل فرمانبرداری

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ کی اطاعت کرو، اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اولی الامر کی اطاعت کرو۔ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو تا تم پر رحم کیا جائے۔ دوسرے مقام پر فرمایا کہ اگر تم مومن ہو تو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔

آنحضرت ؐ اپنے صحابہ سے اس شرط پر بھی بیعت لیا کرتے تھے کہ وہ اقرار کریں کہ ہم پسند اور ناپسند ہر صورت میں اطاعت کریں گے۔ تم اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور امیر کی اطاعت کرو خواہ تم پر حبشی غلام امیر مقرر کر دیا جائے۔ میری اور خلفاء راشدین کی پیروی کرنا اور بدعتوں سے بچتے رہنا کیونکہ بدعت گمراہی ہے۔ جس میں تین باتیں ہوں اس میں حلاوت ایمانی پائی جائے گی (i) اللہ اور اس کے رسول کو سب سے زیادہ محبوب رکھے (ii) صرف اللہ کی خاطر کسی کو محبوب رکھے (iii) ایمان کے بعد کفر میں جانے کو ایسے ناپسند کرے جیسے آگ میں جانا ہو۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کا یہ طریق ہے کہ آنحضرت ؐ کی سچی پیروی کی جائے۔ بدعات اور رسومات سے پرہیز کیا جائے۔ یہ چند روزہ زندگی تو ہر حال میں گزر جائے گی آخرت ہمیشہ کا مقام ہے اس کی فکر کرنی چاہئے۔ حضور نے فرمایا کہ بیعت کی غرض کا فیصلہ آپ نے کرنا ہے کہ اگر یہ اللہ اور اس کے دین کے لئے ہے تو مبارک ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حضرت مسیح موعود کو دل کی گہرائیوں سے قبول کرنے کی توفیق دے۔ آپ کی خواہشات کے مطابق شرائط بیعت پر عمل کرنے والے ہوں اور ہمیشہ اس بات کو سامنے رکھیں کہ آپ کا کوئی عمل ان تعلیمات کے خلاف ملزم ٹھہرانے والا نہ ہو۔ اللہ ہماری مدد کرے۔

## شرکاء کو دعائیں

تقریر کے اختتام پر حضور انور ایدہ اللہ نے شرکاء جلسہ کو دعائیں دیتے ہوئے فرمایا کہ خدا کرے کہ اس جلسہ کی برکات سے آپ ساری عمر فائدہ اٹھانے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہماری نسلوں کو بھی خلافت کے ساتھ وابستہ رکھے۔ ہمیں معاف کرتے ہوئے اپنے فضل سے پیاروں کی جماعت میں شامل کرے۔ اے اللہ ہم پر رحم فرما اور ہمیں کبھی اپنے سے جدا نہ کرنا۔ آمین

## جلسہ کی حاضری اور روح پرور لمحات

حضور انور نے جلسہ سالانہ جرمنی 2003ء کی حاضری بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ امسال خدا کے فضل سے کل حاضری اکتیس ہزار ایک سو تریسٹھ (31,163) رہی الحمدللہ۔ ملٹی نیشن جلسہ میں مختلف اقوام کے علیحدہ جلسے منعقد ہوئے ان کی حاضری ایک ہزار چونتیس (1034) رہی۔

حضور انور نے اجتماعی دعا سے قبل شرکاء جلسہ کو مخاطب کرتے ہوئے نصیحت فرمائی کہ اپنے گھروں میں حفاظت سے جائیں۔ سفر میں احتیاط کریں۔ خدا تعالیٰ ہمیشہ آپ کا حافظ و ناصر ہو اور اپنی حفاظت میں رکھے۔ ہمیشہ آپ کی طرف سے خلافت کو خوشی کی خبریں پہنچتی رہیں۔ ڈرائیونگ میں احتیاط سے کام لیں۔ اللہ آپ کا حافظ و ناصر ہو۔ اس کے بعد حضور کی اقتداء میں سب احمدیوں نے اجتماعی دعا کی۔

دعا کے بعد جب حضور انور السلام علیکم کہہ کر رخصت ہونے لگے تو جلسہ گاہ کی فضا نعروں سے گونج اٹھی۔ ان روح پرور لمحات میں آپ جلسہ گاہ مردانہ سے رخصت ہوئے اور عورتوں کی مارکی میں تشریف لے گئے جہاں بچیوں نے حمد و ثناء کے خوش لحن ترانے پیش کئے یوں جرمنی کا یہ تاریخ ساز جلسہ سالانہ ہزاروں برکات اور یادیں سمیٹے اختتام پذیر ہوا۔ اللہ تعالیٰ تا دیر اس کی برکات نازل فرماتا چلا جائے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد، مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

### دنیا کے چوٹی کے شعراء نے کیفیات کے اعلیٰ تقاضوں پر زبان دانی کی قیود کو قربان کیا

# حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی بلند پایہ شاعری اور پرشوکت مضامین

## "کلام طاہر" کی نظرثانی کے دوران حضور کے ارشادات اور رہنمائی

مکرمہ امۃ الباری ناصر صاحبہ

قسط اول

آج جو شاہکار آپ کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں وہ کچھ نگوں کو جڑ کر بنا ہے۔ ہر نگینہ سچا و اعلیٰ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی تخلیق ہے۔ میں نے صرف انہیں ترتیب دے کر فریم کیا ہے۔ یہ میرے پاس ایک امانت تھی جو اس کے حقداروں یعنی ساری جماعت کو ادا کر رہی ہوں۔

پس منظر یہ ہے کہ 1991ء میں 'کلام طاہر' دیکھ کر خیال آیا کہ طباعت شایانِ شان نہیں ہے۔ چھوٹی سی پتلی سی کتاب' کتابت کی غلطیاں' نظمیں نامکمل' سرورق پر دھندلی تصویر۔ یہ کتاب تو اس سے بہت بہتر طریق پر شائع ہونی چاہئے' کیوں نہ لجنہ کراچی یہ کام کر لے۔ اپنی رفیقہ کار مسز برکت ناصر سے مشورہ کیا تو وہ اچھل پڑیں۔ ہم نے دعا کی اور حضور پرنور سے اجازت حاصل کرنے کے لئے خط لکھ دیا۔ 22/ مارچ 1992ء کو حضور کا تحریر کردہ مکتوب موصول ہوا:

"آپ نے جو کلام طاہر کے متعلق لکھا ہے اس پر آپ کا شکریہ۔ اس میں کئی جگہیں ایسی ہیں جن میں ابھی تک پوری تسلی نہیں۔ شاید کسی وقت اصلاح کا موقع مل جائے۔ لیکن آپ کے نزدیک کوئی غلطی رہ گئی ہے تو اس کی طرف بھی متوجہ کریں اس کو بھی ٹھیک کر لیں گے اور پھر انشاء اللہ چھپوانے کی اجازت بھی دی جا سکتی ہے۔ کچھ پرانی نظموں میں سے بھی ایک آدھ شامل کی جا سکتی ہے"۔

خاکسار نے سرخوشی میں چند کتابت کی غلطیاں لکھیں اور کچھ اشعار پر نظرثانی کی درخواست کی۔ مقصد صرف یہ تھا کہ بات آگے بڑھے اور حضور اپنے کلام پر نظرثانی کا کام شروع فرماویں۔ حضور پرنور کا پذیرائی کا مکتوب ملا:

"آپ کا خط ملا۔ نثر میں ایسے لطیف اور اعلیٰ پائے کے شعر بہت کم پڑھنے میں آتے ہیں جیسے آپ کا یہ خط ہے۔ بعض چھوٹے چھوٹے لطیف اشاروں کے ساتھ بعض مضامین پر ایسے عمدہ تبصرے آپ نے کئے ہیں جیسے کسی خوبصورت سیرگاہ میں جاتے ہوئے انسان کبھی دائیں کبھی بائیں قابل دید مقامات کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ ماشاء اللہ آپ کو یہ خوب فن عطا ہوا ہے۔ اللہ آپ کی ذہنی قلبی صلاحیتوں کو اور بھی چمکائے اور روشن تر فرمائے۔ خلاصہ آخری بات کا یہی ہے کہ اگر آپ متوجہ نہ کراتیں تو شاید اپنے کلام پر نظرثانی کی توفیق ہی نہ ملتی۔ اور ملتی بھی تو بہت محنت کرنی پڑتی۔ آپ نے تو ایک ایک جگہ جہاں ضرورت تھی کہ توجہ کی جائے ہاتھ لگا لگا کر دکھا دی۔

امید ہے جب باقی مسودہ آئے گا تو پھر باقی کام بھی انشاء اللہ اسی طرح آسان ہو جائے گا۔ اب تو اس کی شدت سے انتظار ہے۔ ابھی تک تو آپ نے بھیجا ہی نہیں حالانکہ اب تک دیر کرنے کا دوش مجھ پر رہا...........

امید ہے جب آپ کلام شائع کرائیں گی تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مستند ہوگا اور وہ لوگ جو اپنی طرف سے نئے نئے نمونے شائع کراتے رہتے ہیں وہ سلسلہ اب ختم ہو جائے گا۔ اللہ آپ کے ساتھ ہو"۔ (مکتوب 28/فروری 1993ء)

## فن شعر میں شوکت مضمون اور کیفیات کی لطافت کی اہمیت

جو مشورے حضور پرنور کو بھجوائے تھے ان میں محترم محمد سلیم صاحب شاہجہانپوری کی آراء بھی شامل تھیں۔ حضور نے ہمیں فن شعر اور فن اصلاح' خاص طور پر اشعار میں مضامین کے بیان کی اہمیت سمجھائی۔ یہ اس لائق ہے کہ اعلیٰ پائے کی تنقیدی کتب میں جگہ پائے۔ آپ نے تحریر فرمایا:

"..........شعر کی دنیا اس سے زیادہ وسیع ہے کہ زبان درست ہو اور غلطیوں سے پاک ہو اور محاورہ ٹکسالی کا ہو اوزان کے لحاظ سے اور لفظوں کے استعمال کے لحاظ سے کلام ثقیل زبان پر بھاری نہ ہو۔ بعض اوقات صحت زبان اور صحت محاورہ کے تقاضے جذبات کی شدت کے اظہار اور اظہار حق سے متصادم ہو جاتے ہیں یعنی اظہار حق جس زبان میں ممکن ہو اس سے بہتر مرصع زبان میں مگر حق سے کچھ ہٹ کر ایک بات کی جا سکتی ہے۔ بعض دفعہ ممکن نہیں رہتا کہ بیک وقت کوئی اپنے متموج جذبات اور سچائی اور گہرے درد کے تقاضے پورے کرتے ہوئے زبان کی صحت اور قاعدے قانون کی پابندی کا بھی حق ادا کر سکے۔ ایسی صورت میں کبھی کبھی کچھ نہ کچھ مروج قاعدوں کو توڑنا بھی پڑتا ہے اور استثناء کی نئی کھڑکیاں کھولی جاتی ہیں۔ **دنیا کے تمام چوٹی کے شعراء نے کیفیات کے اعلیٰ تقاضوں پر بارہا زبان دانی کی قیود کو قربان کیا ہے۔ شیکسپیئر میں بھی یہ بات ملتی ہے اور غالب میں بھی۔** اور دیگر شعراء میں بھی اپنے اپنے مرتبہ اور اسلوب کے اعتبار سے کچھ نہ کچھ ایسی مثالیں دکھائی دیتی ہیں۔

**حضرت اقدس مسیح موعود کے اردو اور عربی کلام میں بھی یہی بالا اصول کارفرما ہے کہ شوکت مضمون اور کیفیات کی لطافت پر زبان دانی کے نسبتاً ادنیٰ تقاضوں کو قربان کیا جائے..........**"۔

(مکتوب 16/جنوری 1993ء صفحہ 1)

## آئین سخن اور آئین حق

اس ٹھوس تحریر کے ساتھ اسی مکتوب سے ایک ہلکا پھلکا ٹکڑا بھی پیش کرتی ہوں۔ انداز لطیف لیکن سبق بہت ثقیل۔ تحریر فرماتے ہیں:

"مکرم محترم سلیم صاحب شاہجہانپوری نے خوب لکھا ہے کہ آئین سخن میں اصلاح تجویز کرنا گستاخی شمار نہیں ہوتا' یہ بالکل درست ہے۔ اسی سے حوصلہ پا کر میں ان کی خدمت میں یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آئین سخن میں اصلاح قبول نہ کرنا بھی غالباً گستاخی شمار نہیں ہوگا۔ خصوصاً جبکہ پاس ادب رکھتے ہوئے احترام اور معذرت کے ساتھ ایسا کیا جائے۔

دوسری بات یہ ہے کہ آئین سخن ہی کی بات نہیں' آئین حق یعنی سچائی کے آئین میں بھی تو ازل سے یہی دستور چلا آ رہا ہے کہ تصحیح گستاخی شمار نہیں ہوتی۔ نماز باجماعت میں بھی اللہ تعالیٰ نے یہی سبق ہمیں دیا ہے۔ سبحان اللہ! کیا پاکیزہ طریق اصلاح کا سکھایا۔ سبحان صرف اللہ ہی کی ذات ہے"۔

(مکتوب 16/جنوری 1993ء صفحہ 2)

## فلسفہ اصلاح

اصلاح کے مشورے اور اصلاح قبول کرنے کے اختیار کے ساتھ آپ نے فلسفہ اصلاح بھی سمجھایا۔ فرماتے ہیں:

"رہا فلسفہ اصلاح تو میرے نزدیک ہر قادر الکلام استاد کا یہ حق تو ہے کہ کسی دوسرے کے شعر کی اصلاح کرے لیکن اصلاح کا حق صرف اتنا ہی ہے کہ اس مضمون کو تبدیل کئے بغیر جو شاعر بیان کرنا چاہتا ہے۔ بہتر الفاظ میں (زبان کے سقم کو دور کر کے) بیان کرنے میں اس کی مدد کرے یا اگر طرز بیان بے جان ہے تو الفاظ کے تغیر و تبدل سے اسی مضمون میں جان ڈال دے مگر نیا مضمون داخل کرنے کو میں اصلاح نہیں سمجھتا' نہ ہی زبان کی اصلاح کرتے کرتے مضمون کا حلیہ بگاڑ دینا میرے نزدیک اصلاح میں داخل ہے"۔

(مکتوب 16 جنوری 1993ء صفحہ 3)

خاکسار تسلیم کرتی ہے کہ اپنی کم فہمی کی وجہ سے ذوق سلیم کی بلندیوں پر متمکن پیارے حضور کی کوفت کا سامان کیا۔ مگر یہ تو دیکھئے کہ اس معدن علم پر ہلکی سی دستک سے کیا کیا خزائن ابل پڑے' کیسے کیسے ٹھنڈے میٹھے پانیوں کے چشمے جاری ہو گئے۔ ایک کوہ وقار کے نہاں خانہ دل کی کچھ کھڑکیاں کھل گئیں۔ پس میری کوتاہیوں سے صرف نظر کر کے اس سدا بہار گلستان کی سیر کیجئے۔ فرماتے ہیں:

"..........جو کام سالہا سال سے کرنے کو پڑا تھا مگر نہ وقت ملتا تھا نہ دماغ میسر آتا تھا وہ آپ نے

